Prime Minister speaks to His Excellency President Volodymyr Zelenskyy of Ukraine

February 26, 2022

وزیراعظم نے یوکرین کے عزت مآب صدر وولدومیر زیلنسکی سے بات کی

نئی دلّی، 26 فروری، 2022/

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے آج یوکرین کے عزت مآب صدر وولدومیر زیلنسکی کے ساتھ بات کی۔

صدر زیلنسکی نے آج وزیر اعظم کو یوکرین میں جاری تنازعہ کی موجودہ صورتحال سے تفصیلی جانکاری فراہم کرائی۔ وزیراعظم نے جاری تنازعہ کی وجہ سے لوگوں کی ہلاکت اور املاک کے نقصان پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ۔ انھوں نے تشدد کے فوری خاتمے اور بات چیت کو دوبارہ شروع کرنے کی اپنی اپیل دوہرائی اور امن کے قیام کی کوششوں میں کسی بھی طرح کا تعاون دینے کی بھارت کی آمادگی ظاہر کی۔

وزیراعظم نے یوکرین میں موجود طلبا سمیت بھارتی شہریوں کے سلامتی اور تحفظ کے تئیں بھارت کی تشویش سے آگاہ کرایا۔ انھوں نے ہندوستانی شہریوں کو تیزی کے ساتھ اور بحفاظت وہاں سے نکالنے کے لئے یوکرین کے حکام کی جانب سے سہولیات فراہم کرنے پر زور دیا۔

نئی دہلی
فروری 2022 26

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.